Halton REGION

کووِڈ-19 ویکسینز: فرضی باتیں بمقابلہ حقائق

فرضی بات		حقیقت
کووِڈ-19 ویکسینز محفوظ نہیں ہیں کیونکہ انہیں بہت جلد تیارکیا گیا تھا اور انہیں مناسب طور پر ٹیسٹ نہیں کیاگیا۔		ویکسینز کو جلد منظوری دے دی گئی تھی کیونکہ ہیلتھ کینیڈا نے اسے ترجیح بنا لیا تھا۔کووِڈ-19 ویکسین کےکلینیکل ٹرائلز اتنے ہی سخت تھے جتنے وہ کسی دوسری ویکسین کیلئے ہیں۔ حکومتی ایجنسیاں ویکسین کی سلامتی کی مسلسل نگرانی کرتی اور جائزہ لیتی ہیں۔ مزید جاننےکیلئےکہ ویکسینز کیسے منظورکی جاتی ہیں ہیلتھ کینیڈا کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔
کووِڈ-19 ویکسینز تشویش والی مختلف حالتوں (variants)کے خلاف کام نہیں کرتیں۔		ظاہر ہوتا ہےکہ کووِڈ-19 کی ویکسینز تشویش والی زیادہ تر مختلف حالتوں کے خلاف تحفظ فراہم کرتی ہیں۔ اگرچہ کچھ مکمل طور پر حفاظتی ٹیکے لگوائے ہوئے لوگ ابھی بھی وائرس سے بیمار ہو سکتے ہیں، لیکن ویکسینزکووڈ-19کی مختلف حالتوں کے سبب ہونے والی شدید بیماری سے بچنے کیلئے اچھا تحفظ فراہم کرتی ہیں۔
مجھے ویکسین کی ضرورت نہیں ہےکیونکہ مجھے پہلے ہی کووِڈ-19 ہو چکا ہے۔		یہاں تک کہ اگر آپ کوکووِڈ-19ہوچکا ہے، پھر بھی یہ ضروری ہےکہ آپ ویکسین لگوائیں۔کووِڈ-19کی دوبارہ انفیکشن ہونا ممکن ہے۔ اس وقت، ماہرین نہیں جانتےکہ کوئی کووڈ-19 سے دوبارہ بیمار ہونے سےکتنے عرصے تک محفوظ رہتا ہے۔ انفیکشن ہونےکے بعد آپ جو تحفظ حاصل کرتے ہیں، اسے قدرتی قوت مدافعت کہا جاتا ہے، جو ایک فرد سے دوسرے فرد میں مختلف ہوتی ہے۔
کووِڈ-19 ویکسین کے شدید مضر اثرات ہیں۔		آپ کےکووِڈ-19کی ویکسین لگوانےکے بعد ہلکی علامات عام ہیں، جیسےکہ ٹیکہ لگنے والی جگہ پر درد، پٹھوں میں درد یا سر درد۔ یہ معمول کی علامتیں ہیں کہ آپ کا جسم حفاظت تیارکر رہا ہے۔ شدید مضر اثرات بہت شاذ و نادر ہوتے ہیں۔ ویکسین کے ضمنی اثرات پر مزید معلومات حاصل کرنےکیلئے ہیلتھ کینیڈا کے ویب پیجز ملاحظہ کریں۔
کووِڈ-19کی ویکسین لگوانےکے بعد مجھے ماسک پہننے یا دوسروں سے جسمانی فاصلہ رکھنےکی ضرورت نہیں ہوگی۔		ویکسین لگوانےکے بعد بھی: • وائرس پھیلانا پھر بھی ممکن ہے • آپ کے جسم کو قوت مدافعت پیدا کرنے میں وقت لگتا ہے پبلک ہیلتھ کے اقدامات پر عمل جاری رکھنا اپنے آپ کو اور ہماری کمیونٹی کے ان ممبران کو بچانے میں مددکرے گا جن کو حفاظتی ٹیکے نہ لگے ہوں۔
کووِڈ-19 ویکسین میرے ڈی این اے کو تبدیل کردے گی۔		وائرل ویکٹر ویکسین سے آپ کے جسم میں ایم آر این اے یا جینیاتی موادکا ٹیکہ لگانا آپ کے ڈی این اے کو تبدیل نہیں کرے گا۔ دونوں اقسام کی ویکسینزکووِڈ-19کیلئے محفوظ طریقے سے قوتِ مدافعت پیداکرنےکیلئے جسم کے قدرتی دفاع کے ساتھ کام کرتی ہیں۔
مجھے انڈوں سے الرجی ہے اسلئے مجھےکووِڈ-19کی ویکسین نہیں لگوانی چاہئے۔		کووِڈ-19کی کینیڈا میں استعمال کیلئے منظور شدہ کسی بھی ویکسین میں انڈے شامل نہیں ہیں۔ کسی بھی ویکسین کی ڈیویلپمینٹ یا تیاری میں انڈے استعمال نہیں کئےگئے تھے۔ اگر آپ کو شدید الرجی ہے، تو ویکسین لگوانے سے پہلے اپنے فیملی ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔

فرضی بات	حقیقت
کووِڈ-19کی ویکسینز خنزیرکےگوشت کی مصنوعات پر مشتمل ہوتی ہیں۔	کینیڈا میں استعمال کیلئے منظورکی جانے والی کووِڈ-19کی تمام ویکسینز میں جانوروں کی مصنوعات (بمع خنزیرکا گوشت) شامل نہیں ہیں۔
حاملہ اور بچوں کو اپنا دودھ پلانے والی خواتین کوکووِڈ-19کی ویکسین نہیں لگوانی چاہئے۔	حاملہ خواتین کووِڈ-19 سے شدید بیماری اور موت کے زیادہ خطرے میں ہیں۔ کینیڈا میں ماہرین صحت اس بات پر متفق ہیں کہ کووِڈ-19 ویکسینز محفوظ ہیں اور حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین کو شدید بیماری سے بچاتی ہیں۔کووِڈ-19 ویکسین حمل کے دوران یا جب دودھ پلا رہی ہوں، کسی بھی وقت لگائی جاسکتی ہے۔ اگرکووِڈ-19 ویکسین کے بارے میں آپ کےکوئی سوالات ہوں تو اپنے صحت کی نگہداشت فراہم کرنے والے سے بات کریں۔
کووِڈ-19 ویکسینز بانجھ پن یا اسقاطِ حمل کا باعث بنتی ہیں۔	کووِڈ-19 ویکسینز میں سےکسی بھی ویکسین کا بانجھ پن یا اسقاطِ حمل سے تعلق نہیں ہے۔
آپ صرف اس صورت میں ویکسین لگوا سکتے ہیں اگر آپ کے پاس اونٹاریو ہیلتھ کارڈ (OHIP) ہے	کووِڈ-19 ویکسین کینیڈا میں ہر ایک کیلئے مُفت ہے۔ اگر آپ کے پاس اونٹاریو ہیلتھ کارڈ نہیں ہے، تو آپ پھر بھی ویکسین لگوانےکے قابل ہیں۔ آپ کو صرف حکومت کی طرف سے جاری کردہ شناخت فراہم کرنےکی ضرورت ہے جیسےکہ ڈرائیونگ لائسنس یا پاسپورٹ۔
میں کووِڈ-19کی ویکسین نہیں لگوا سکتی/ سکتا کیونکہ میں انگریزی نہیں بولتی/ بولتا یا نہیں سمجھتی/ سمجھتا۔	زبان کی ترجمانی کی خدمات کووِڈ-19کلینکس پر بذریعہ ٹیلیفون ان لوگوں کیلئے جو انگریزی زبان سیکھ رہے ہیں یا ایسے لوگوں کیلئے دستیاب ہیں جو اپنی مادری زبان میں کسی سے بات کرنے میں زیادہ آسانی محسوس کرتے ہوں۔
میں ویکسین نہیں لگواسکتی/ سکتا کیونکہ میرے پاس اپوائنٹمنٹ حاصل کرنےکاکوئی طریقہ نہیں ہے۔	ذریعہ آمد و رفت مُفت ہے۔ اگر آپ کو ویکسین لگوانےکی اپوائنٹمینٹ پر پہنچنے میں مددکی ضرورت ہے، تو اپنے آپشنز کے بارے میں جاننے کیلئے 311 پرکال کریں یا halton.ca/COVIDvaccines ملاحظہ کریں۔
کووِڈ-19کلینک میں کوئی رازداری نہیں ہے۔	کلینکس ایسے لوگوں کیلئے بند جگہوں کی پیشکش کرتی ہیں جو ویکسین لگائے جانےکے دوران راز داری چاہتے ہیں۔ اگر آپ ویکسین لگوانے کے دوران راز داری چاہتے ہیں، تو 311 پرکال کریں۔

Halton
REGION